رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

سالانہ امتحان 2022ء/1443ھ

کنز المدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ سال اول | پرچہ: پہلا | مضمون: السیرۃ

تاریخ: 10-03-2022 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: سیرت کو مدوّن کرنے کے طریقے المذهب الموضوعی کا مفہوم واضح کریں۔

سوال نمبر 2: کتاب فقہ السیرۃ میں سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالعہ کرتے وقت کن باتوں کو پیش نظر رکھنے کا کہا گیا؟ کوئی سی تین باتیں بیان کریں۔

سوال نمبر 3: الحصار الاقتصادی پر مشرکین مکہ نے جو معاہدہ کیا اس کی کوئی سی تین دفعات لکھیں۔

سوال نمبر 4: فرقہ مزدکیہ کا عقیدہ امام شہرستانی کی زبانی تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: حضور علیہ السلام کے خاتم النبیین ہونے کو ایک حدیث مبارکہ میں مثال سے واضح فرمایا گیا فقہ السیرہ کی روشنی میں اس حدیث کو تحریر کریں۔

سوال نمبر 6: ہر نبی کی دعوت کی بنیاد کتنی چیزوں پر مشتمل ہوتی ہے؟ تعداد اور نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 7: "سياسة المفاوضات" کا مفہوم واضح کریں۔

سوال نمبر 8: "يافاطمة أنقذى نفسك من النار فإني لا أملك لكم من الله شيئا" مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 9: اسلام کی پہلی ہجرت کون سے مقام پر ہوئی اور کتنے لوگوں نے کی؟ تعداد تحریر کریں۔

سوال نمبر 10: "أنت خبير ان هذه الهجرة نفسها ضرب غير يسير من ضروب العذاب و الألم في سبيل الدين" مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 11: فہم اسلام کے لئے پہلا وفد جو حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں حاضر ہوا وہ کتنی تعداد پر مشتمل تھا اور ان میں سے کتنے ایمان لائے؟ وضاحت کریں

سوال نمبر 12: عام الحزن کی وجہ تسمیہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 13: "ان رسول الله ﷺ انصرف من الطائف راجعا إلى مكة حتى إذا كان بنخلة قام من جوف الليل يصلي" مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 14: "عن عائشة رضي الله عنها أنها قالت لرسول الله ﷺ يا رسول الله هل أتى عليك يوم كان أشد من أحد" مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 15: "الفائدة التعليمية لنا في هذا الأمر هي أن لا تصدنا المحن و العقبات التي تكون في طريق الدعوة الإسلامية عن السير" مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 16: فقہ السیرۃ کی روشنی میں جہاد کا معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 17: بیعت عقبہ اولیٰ میں جو آدمی ایمان لائے ان میں سے دو کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 18: "لقد أينا أن النبي ﷺ لم يكن يقصر الدعوة على قومه من قريش الذين لم يألوا اجهدا في إذاقته" مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 19: "فتبسم رسول الله ﷺ ثم قال بل الدم الدم و الهدم الهدم أنا منكم و أنتم مني" مذکورہ عبارت کی وضاحت فرمائیں۔

سوال نمبر 20: "و لما كانت صبيحة اليوم التالي و حدث رسول الله ﷺ حدث الناس بما شاهد" مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: سیرت نبویہ کے مصادر کتنے اور کون کون سے ہیں؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر 2: اسلام کی ہجرت اول کا واقعہ تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر 3: اسراء اور معراج کے معنی میں فرق بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ معراج مع الروح والجسد کے متعلق اہل اسلام کا کیا عقیدہ ہے؟۔

سوال نمبر 4: نشأۃ اسلام کے لیے جزیرۂ عرب کے انتخاب کی حکمت تحریر فرمائیں۔

سوال نمبر 5: ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر میں حضور ﷺ کے رہائش پذیر ہونے کے احوال تحریر فرمائیں۔